امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز بدھ 28 اکتوبر 2026 / 16 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 202

27 اکتوبر جموں و کشمیر کی تاریخ کے المناک باب کی یاد دلاتا ہے، صدر، وزیر اعظم

مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں کشمیری عوام کی جرات اور ثابت قدمی ان کی جدوجہد کا روشن ثبوت ہے

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا

اسلام آباد (اے این این) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے یوم سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا، کشمیری مرد وخواتین اور بچوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا عالمی برادری جموں وکشمیر تنازع کے حل کیلئے کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن کشمیریوں کی جدوجہد کے حوالے سے ہماری بھرپور تائید کا اعادہ ہے، کشمیری تنازعات، پابندیوں اور بنیادی حقوق سے محرومی کا سامنا کر رہے ہیں، پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل، افتتاح کے بعد قیدیوں کو منتقل کیا جائے گا: محسن نقوی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی میں یوم سیاہ کشمیر پر بھارت کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی

اسلام آباد (اے این این) قومی اسمبلی نے 27 اکتوبر یوم سیاہ پر کشمری عوام سے اظہار یکجہتی کی قرارداد منظور کرلی، قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی سپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا، ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سید امین الحق نے کراچی میں جاری بدترین

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کے میزائل یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

امریکا نے جنگ بندی کرکے اچھا بننے کی کوشش کی لیکن یہ محض وقت کا ضیاع ثابت ہوئی، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران نے ایسے میزائل تیار کرلیے جو یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور سان ڈیاگو اور لاس اینجلس سمیت امریکا کے دیگر شہروں کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں۔ امریکی ریاست مسیسپی میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران نے امریکا کے خلاف جنگ شروع کی۔ ٹرمپ نے فوجی کارروائی کے معاشی اثرات کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ انہیں توقع تھی کہ تیل کی قیمتیں اس سے کہیں زیادہ بڑھ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

79 برس گزر گئے غیور کشمیری عوام نے بھاتی ظلم وستم کے سامنے سر نہیں جھکایا، محسن نقوی

بھارتی مظالم پر دنیا کی خاموشی مجرمانہ فعل ہے، جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا قیام تنازعہ جموں وکشمیر کے منصفانہ اور حل میں مضمر ہے

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر عالمی فورم پر جاری رکھے گا، وفاقی وزیر داخلہ کا یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کشمیری عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 79 برس گزر گئے، غیور کشمیری عوام نے بھارتی ظلم وستم کے سامنے سر نہیں جھکایا۔ یوم سیاہ کشمیر پر اپنے پیغام میں انہوں نے بھارتی جبر واستبداد کے آگے سینہ سپر کشمیری عوام کو سلام پیش کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ 27 اکتوبر کو بھارت نے جموں وکشمیر پر غیر قانونی قبضہ کرکے تاریخ کا سیاہ ترین باب رقم کیا۔ بھارتی افواج نے 1947 سے اب تک مقبوضہ وادی کو ریاستی دہشتگردی کا عقوبت خانہ بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے کویت نیول فورس کے کمانڈر، ریئر ایڈمرل سیف الہملان ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم سینیٹر محمد اسحاق سٹیئرنگ کمیٹی کے 52 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں اور معصوم شہریوں پر مظالم تشویشناک ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

میر سرفراز بگٹی

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل پائیدار امن کے لیے ضروری ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی

مقبوضہ وادی میں بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں تشویشناک ہیں، بلوچستان حکومت کی مکمل حمایت کا اعادہ، میر سرفراز بگٹی نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ دن ہے، جو ان کی جدوجہد آزادی اور حق خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی جدوجہد کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کو اپنا بھائی اور کشمیر کو اپنی شہ رگ سمجھتی ہے۔ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے تاکہ انہیں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سے سعودی عرب کے سفیر کی ملاقات، تعیناتی پر مبارکباد دی

اسلام آباد (اے این این): اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے منگل کو سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی العنمی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

سردیوں میں صارفین کو روزانہ صرف 8 گھنٹے گیس ملنے کا امکان

گیس کی طلب اور رسد میں فرق کے باعث گھریلو صارفین کو گیس لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

اسلام آباد (اے این این) سردیوں میں گیس کی طلب اور رسد میں فرق کے باعث گھریلو صارفین کو گیس لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، تجوزہ شیڈول کے تحت صارفین کو 24 گھنٹوں میں صرف 8 گھنٹے گیس فراہم کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)



دوحہ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان قطر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے چیئرمین سے ملاقات کر رہے ہیں

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضہ قابل مذمت، کشمیریوں کو حق خودارادیت دیا جائے

بلاول بھٹو زرداری

کشمیری عوام کی عزتِ نفس اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے بنیادی حق کو تسلیم کیا جانا چاہیے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

تقریباً آٹھ دہائیاں گزرنے کے باوجود کشمیری عوام اپنے حقِ خودارادیت سے محروم ہیں، انہیں اس بنیادی حق سے محروم رکھنا عالمی ضمیر اور انصاف کے دعوں پر مسلسل سوال ہے، یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم سیاہ کشمیر پر مقبوضہ کشمیر پر بھارت کے قبضے کی مذمت کرتے ہوئے کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ تقریباً آٹھ دہائیاں گزرنے کے باوجود کشمیری عوام اپنے حقِ خودارادیت سے محروم ہیں، انہیں اس بنیادی حق سے محروم رکھنا عالمی ضمیر اور انصاف کے دعوں پر مسلسل سوال ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر محض ایک خطہ نہیں بلکہ لاکھوں انسانوں کی آزادی اور شناخت کا مسئلہ

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح طامی العنمی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

اپوزیشن لیڈر وزیر اعظم ہاؤس جانے کو تیار ہیں، ترجمان اپوزیشن اتحاد

وزیر اطلاعات کو حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کے بنیادی نکات تک کا علم نہیں، اخوانزادہ حسین یوسفزئی

اسلام آباد (جی این ایم) ترجمان اپوزیشن اتحاد اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر وزیر اعظم ہاؤس جانے کو تیار ہیں تاکہ پاکستان کو بحرانوں سے نکالا جاسکے۔ جی ٹی وی سے گفتگو میں ترجمان اپوزیشن اتحاد نے کہا کہ وزیر اطلاعات کو حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کے بنیادی نکات تک کا علم نہیں، عطا تارڑ کو بات کرنے سے پہلے رانا ثنا اللہ اور طارق فضل چوہدری سے بات کر لینا چاہیے تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن لیڈر

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

بولان، شوہر نے بیوی اور 3 کمسن بچوں کو قتل کر دیا

ملزم فائرنگ کے بعد فرار، پولیس نے لاشیں ہسپتال منتقل کرکے گرفتاری کے لیے چھاپے مارنا شروع کر دیے

بولان (یو این اے) ضلع کچھی بولان کے علاقے بالانائڑی کے گاؤں حاجی تاج میں افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک شخص نے اندھا دھند فائرنگ کر کے اپنی بیوی اور تین معصوم بچوں کو قتل کر دیا پولیس حکام کے مطابق ملزم شبیر احمد لاشاری نے گھر کے اندر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں اس کی بیوی مسماۃ (ن) اور تین کم سن بچے ضمیر نفیسہ اور علیزہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے واردات کے فوراً بعد ملزم موقع سے فرار ہونے میں

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

میر ضیا اللہ لانگو کی زیر صدارت سوراب میں امن وامان پر اعلیٰ سطحی اجلاس

قومی شاہراہوں کا تحفظ اور شہریوں کی سیکیورٹی پہلی ترجیح ہے، وزیر داخلہ کا خطاب

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو کی زیر صدارت سوراب میں امن و امان کی مجموعی صورتحال سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکن بلوچستان اسمبلی میر ظفر زہری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حکام کی جانب سے ضلع سوراب اور ملحقہ علاقوں میں سیکیورٹی کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)



صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی زیر صدارت منشیات کے خاتمے اور روک تھام سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس

نوشکی گرلز ڈگری کالج میں مسلح نقاب پوش افراد کی فائرنگ، 3 طالبات زخمی

کالج میں توڑ پھوڑ کے بعد طالبات پر فائرنگ، ایک زخمی طالبہ کی حالت تشویشناک

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے گرلز ڈگری کالج میں تین مسلح نقاب پوش افراد کی فائرنگ سے تین طالبات زخمی ہوگئیں، جن میں سے ایک کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد زخمی طالبات کو فوری طور پر

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی دوبارہ وزارت ملنے کی خبروں کی تردید

وزارت سے متعلق خبریں منفی پروپیگنڈا ہیں، سابق صوبائی وزیر سردار کھیتران

کوئٹہ (اے این این) سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے دوبارہ صوبائی وزارت ملنے سے متعلق خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کا وزارت ملنے سے کوئی تعلق نہیں تھا، اس

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کے میزائل یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

امریکا نے جنگ بندی کرکے اچھا بننے کی کوشش کی لیکن یہ محض وقت کا ضیاع ثابت ہوئی، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران نے ایسے میزائل تیار کرلیے جو یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور سان ڈیاگو اور لاس اینجلس سمیت امریکا کے دیگر شہروں کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں۔ امریکی ریاست مسیسپی میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران نے امریکا کے خلاف جنگ شروع کی۔ ٹرمپ نے فوجی کارروائی کے معاشی اثرات کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ انہیں توقع تھی کہ تیل کی قیمتیں اس سے کہیں زیادہ بڑھ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

خضدار، ایل پی جی، مرغی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

ایل پی جی 600 اور مرغی کا گوشت 850 روپے کلو تک پہنچ گیا، نوٹس لینے کا مطالبہ

خضدار (یو این اے) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ و دیگر عہدیداروں نے خضدار میں بے تحاشا مہنگائی، ایل پی جی گیس، مرغی اور دیگر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر بے حد تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خضدار میں مہنگائی کا طوفان ہے انہوں نے کہا کہ خضدار میں ایل پی جی گیس 550 سے 600 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے، مرغی کا گوشت 850 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، جبکہ دال، چاول، چینی، آٹا،

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان میں فضائی آلودگی، شہریوں کی اوسط عمر 3.9 سال کم ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں فضائی آلودگی سے سالانہ ایک لاکھ 28 ہزار اموات اور شہریوں کی اوسط عمر 3.9 سال کم ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان میں فضائی آلودگی کے باعث شہریوں کی متوقع عمر میں اوسطاً 3.9 سال کی کمی اور سالانہ تقریباً ایک لاکھ 28 ہزار قبل از وقت اموات کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان ایئر کوالٹی انیشی ایٹو (پی اے کیو آئی) کی نئی رپورٹ کے مطابق فضائی آلودگی سے ملک کی معیشت کو مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 6.5 فیصد کے مساوی نقصان پہنچ رہا ہے، جبکہ لاہور میں فضائی آلودگی کے باعث شہریوں کی عمر

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تمام ٹرانسپورٹرز کا قلات سنگداس چیک پوسٹ ختم کرنے کا مطالبہ

قلات سنگداس چیک پوسٹ ٹرانسپورٹروں اور چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لیے عذاب بن چکا ہے، مشترکہ اعلامیہ

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بے روزگار یونین، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اور منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے رہنماں نے سنگداس پولیس چیک پوسٹ ضلع قلات کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ چیک پوسٹ ٹرانسپورٹروں اور چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لیے عذاب بن چکی ہے، جہاں مبینہ بھتہ خوری کے باعث ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیوروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز اور محنت کش ڈرائیوروں کو مبینہ استحصال سے نجات دلانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ آل بلوچستان بے روزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی، آل بلوچستان

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر زیادتیوں کا نوٹس لیا جائے، ٹرانسپورٹرز

تلاشی کے نام پر مسافر کو چند گھنٹوں روکنے سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے مرکزی ترجمان نے لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر نئے تعینات ہونے والے عملے کی جانب سے مسافر کو چند گھنٹوں کے لیے روکنے سے نہ صرف مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں ہے۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر نئے تعینات عملے کو چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں قانون اور ضابطے کے مطابق ادا کرے اور مسافر کو چند گھنٹوں کی چیکنگ کے دوران ٹرانسپورٹرز، ڈرائیوروں اور مسافروں کے ساتھ عزت واحترام کا رویہ اختیار کرے۔ سیکیورٹی اور قانونی تقاضوں کے تحت چیکنگ کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، تاہم اس عمل کو غیر ضروری تاخیر، نامناسب رویے اور بلاجواز پریشانی کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں تقریب تقسیم ایوارڈز کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

تنازعہ جموں وکشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے، عظمیٰ نذیر تارڑ

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر عالمی برادری آواز بلند کرے، وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق

پاکستان بحیثیت ریاست کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا، یوم سیاہ جموں وکشمیر پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کا دن بھارتی مظالم کی داستان اور کشمیری عوام کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، تنازعہ جموں وکشمیر ایک بین الاقوامی تنازعہ ہے، تنازعہ جموں وکشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ یوم سیاہ جموں وکشمیر پر اپنے پیغام میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان میں فضائی آلودگی، شہریوں کی اوسط عمر 3.9 سال کم ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں فضائی آلودگی سے سالانہ ایک لاکھ 28 ہزار اموات اور شہریوں کی اوسط عمر 3.9 سال کم ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان میں فضائی آلودگی کے باعث شہریوں کی متوقع عمر میں اوسطاً 3.9 سال کی کمی اور سالانہ تقریباً ایک لاکھ 28 ہزار قبل از وقت اموات کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان ایئر کوالٹی انیشی ایٹو (پی اے کیو آئی) کی نئی رپورٹ کے مطابق فضائی آلودگی سے ملک کی معیشت کو مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 6.5 فیصد کے مساوی نقصان پہنچ رہا ہے، جبکہ لاہور میں فضائی آلودگی کے باعث شہریوں کی عمر

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تمام ٹرانسپورٹرز کا قلات سنگداس چیک پوسٹ ختم کرنے کا مطالبہ

قلات سنگداس چیک پوسٹ ٹرانسپورٹروں اور چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لیے عذاب بن چکا ہے، مشترکہ اعلامیہ

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بے روزگار یونین، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اور منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے رہنماں نے سنگداس پولیس چیک پوسٹ ضلع قلات کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ چیک پوسٹ ٹرانسپورٹروں اور چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لیے عذاب بن چکی ہے، جہاں مبینہ بھتہ خوری کے باعث ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیوروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز اور محنت کش ڈرائیوروں کو مبینہ استحصال سے نجات دلانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ آل بلوچستان بے روزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی، آل بلوچستان

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر زیادتیوں کا نوٹس لیا جائے، ٹرانسپورٹرز

تلاشی کے نام پر مسافر کو چند گھنٹوں روکنے سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے مرکزی ترجمان نے لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر نئے تعینات عملے کو چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں قانون اور ضابطے کے مطابق ادا کرے اور مسافر کو چند گھنٹوں کی چیکنگ کے دوران ٹرانسپورٹرز، ڈرائیوروں اور مسافروں کے ساتھ عزت واحترام کا رویہ اختیار کرے۔ سیکیورٹی اور قانونی تقاضوں کے تحت چیکنگ کرنا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، تاہم اس عمل کو غیر ضروری تاخیر، نامناسب رویے اور بلاجواز پریشانی کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

کشمیریوں کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو جبر سے نہیں دبایا جاسکتا، اسحاق ڈار

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لئے موثر عالمی کوششیں ناگزیر ہیں، 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی

تقریباً 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود مسئلہ کشمیر حل طلب ہے، نائب وزیر اعظم کا یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا، مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے مؤثر عالمی کوششیں ناگزیر ہیں۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر جاری پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی، تقریباً 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود مسئلہ کشمیر حل طلب ہے،

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)



صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی زیر صدارت منشیات کے خاتمے اور روک تھام سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہے، عالمی برادری مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ دن ہے، اس روز بھارتی اقدامات نے کشمیری عوام کی زندگیوں پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

خودکش حملوں اور دہشت گردی کے خلاف متفقہ فتویٰ کی توثیق

فتنۃ الخوارج اور فتنۃ الہندوستان کے خلاف افواجِ پاکستان اور سلامتی کے اداروں کی جدوجہد کی مکمل حمایت، متفقہ اعلامیہ

کوئٹہ (اے این این) قومی پیغامِ امن کمیٹی، حکومتِ بلوچستان کے زیرِ اہتمام جامعہ سلفیہ دعوۃ الحق میں تمام مکاتبِ فکر کے علماء ومشائخ اور مختلف مذاہب کے قائدین کا اہم مشترکہ اجلاس چیئرمین پاکستان علماء کونسل وکوآرڈینیٹر قومی پیغامِ امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مولانا علی محمد ابو تراب، ڈاکٹر آصف میر، مفتی یوسف کشمیری، مولانا سید سمیع اللہ آغا، مولانا قاسم حقانی، علامہ نصر اللہ حسینی، مفتی محمد جان قاسمی، مولانا حزب اللہ عثمانی، مولانا سمیع اللہ اعوان، مولانا عبدالرحمٰن، مولانا عبداللہ حقانی، مفتی عمر فاروق، مولانا عبدالرحمان سلفی، پاسٹر سائمن بشیر، سردار جسبیر سنگھ اور دیگر علماء ومشائخ اور مختلف مذاہب کے قائدین شریک ہوئے۔ اجلاس کے متفقہ اعلامیے میں خودکش حملوں، دہشت گردی، انتہا پسندی اور بے گناہ انسانوں کے قتل کے خلاف متفقہ فتویٰ کی توثیق کرتے ہوئے پیغامِ پاکستان کے قومی بیانیے کی مکمل تائید کی گئی۔ متفقہ اعلامیے

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر، جامعہ گوادر میں بریسٹ کینسر آگاہی سیمینار و واک کا انعقاد

ابتدائی تشخیص اور جینیاتی عوامل سے آگاہی ہی علاج کو موثر بنا سکتی ہے، ماہرینِ صحت کا تقریب سے خطاب

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر کے زیرِ اہتمام انڈس ہسپتال گوادر اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی اور جینیٹکس کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہوا، جس کا مقصد خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور خطرات کی بروقت شناخت وابتدائی تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ماہرینِ صحت نے بریسٹ کینسر کی علامات، جینیاتی عوامل، احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی معائنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص مؤثر علاج اور بہتر صحت کے نتائج کے لیے نہایت اہم ہے۔ سیمینار کی کلیدی مقرر ڈاکٹر شازیہ، گائنا کالوجسٹ، انڈس ہسپتال گوادر نے بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی اور خواتین کی صحت کے حوالے سے گفتگو کی۔ پینل ڈسکشن میں ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر، مس شملی انور، جینیٹک کونسلر و لیکچرر کیمسٹری

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

حوثیوں کی جانب سے داغے گئے 3 میزائل اور 4 ڈرون تباہ کر دیئے گئے، سعودی اتحاد

یمنی افواج کے 24 گھنٹے میں حوثی ملیشیا پر 1276 حملے، 382 کمانڈر و اہلکار نشانہ بنے

ریاض، صنعا، واشنگٹن (جی این ایم) سعودی فوجی

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
Date ETLA-E-AAM
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر عمر
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر 081-2453865 ، 081-2820055
کاپی نمبر 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

ہونہار طلباء اور طالبات کو جدید ڈیجیٹل آلات کی فراہمی

وزیراعظم شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری سکولوں اور دینی مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلباء ؔ اور طالبات کو کروم ب؟ کو اور انٹرنیٹ ڈیوائس فراہم کرنے کے پروگرام کا اجراء ؔ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یہ جدید ڈیجیٹل آلات آئندہ دو سال کے دوران طلبہ تک پہنچائے جائیں گے۔ اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں میرٹ، محنت اور قابلیت کی بنیاد پر کروم ب؟ کس دینے کی تقریب کے دوران طلباء ؔ اور طالبات کو سکول بیگ اور ''مائی فائی'' انٹرنیٹ ڈیوائس بھی دی گئیں تاکہ وہ گھروں میں بیٹھ کر ای لائبریریوں اور دنیا بھر میں دستیاب تعلیمی وسائل سے استفادہ کر سکیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو تعلیم کے بہترین مواقع دے اور انہیں ذمہ دار، باصلاحیت اور باکردار شہری بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی نوجوانوں کے لیے علم کے نئے دروازے کھولے گی اور ان؟ نہیں عالمی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے قابل بنائے گی۔ ان؟ ن کے مطابق تعلیم ایسی دولت ہے جسے کوئی چھین نہیں سکتا جبکہ قابلیت اور محنت انسان کو معاشرے میں نمایاں مقام دلاتی ہے۔ ان؟ نہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے سابق دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ فراہم کیے گئے تھے جس سے انہیں آگے بڑھنے کے مواقع ملے کیونکہ ذہانت اور محنت کا تعلق کسی کی مالی حیثیت سے نہیں ہوتا۔ اُن کو ہا کہنا تھا کہ ماضی میں چھ لاکھ لیپ ٹاپ دس سال میں تقسیم کیے گئے تھے جبکہ موجودہ پروگرام کے تحت پانچ لاکھ ہونہار طلباء ؔ اور طالبات کو صرف دو سال میں کروم ب؟ کس فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ لیپ ٹاپس کے باعث بھی طلبا کورونا وبا ء ؔ کے دوران تعلیم جاری رکھنے میں کامیاب رہے اور ان میں سے متعدد اپنی تعلیم مکمل کر کے ڈاکٹر، انجینئر اور دیگر شعبوں کے پروفیشنل بنے۔ وزیراعظم نے کروم بکس کی فراہمی کے لیے عطیہ دینے پر ٹو کیو کیئر فاؤنڈیشن کے بانی راشد منہاس اور ان کی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی دن رات محنت کر کے ملک کا نام روشن کرتے ہیں اور اس منصوبے میں ان کا تعاون پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر طلبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت بھی دی جا رہی ہے، ایک ''مائی فائی'' کنکشن سے پانچ مزید بچے بھی فائدہ ا؟ ٹھا سکیں گے جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر اس پروگرام کے فوائد 25 لاکھ بچوں تک پہنچنے کی توقع ہے۔ پاکستان میں اس وقت بچوں کو تعلیم فراہم کرنا قومی سطح کا ایک بڑا چیلنج ہے۔ وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی فروری 2026ء ؔ میں جاری کردہ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ ملک بھر میں ڈھائی کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ اس تعلیمی محرومی کے اسباب میں غربت، تعلیمی اداروں تک محدود رسائی، بنیادی سہولتوں کی کمی، اساتذہ کی قلت اور بچیوں کو درپیش سماجی رکاوٹیں شامل ہیں۔ ایسے حالات میں پانچ لاکھ طلبہ کو کروم ب؟ کس فراہم کرنا ڈیجیٹل تعلیم کی طرف یقیناً ایک بڑا قدم ہے لیکن اس سے ا؟ن بچوں کو کوئی فرق نہیں پڑے گا جو سکولوں سے باہر ہیں۔ حکومت کو ڈیجیٹل سہولتوں کی فراہمی کے ساتھ ایسے بچوں کی شناخت، سکولوں میں داخلے، غیر رسمی تعلیم اور بنیادی تعلیمی سہولتوں کی بہتری کے لیے بھی مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے بصورتِ دیگر لاکھوں بچوں کی صلاحیتیں ضائع ہونے کے علاوہ غربت اور معاشی ناہمواری کا سلسلہ جاری رہنے کا خطرہ برقرار رہے گا۔ وزیراعظم یوتھ کروم ب؟ ک پروگرام اور دانش سکول سسٹم جیسے اقدامات اس اصول کی اہمیت ا؟ جاگر کرتے ہیں کہ معیاری تعلیم کے مواقع معاشی حیثیت سے قطع نظر ہر بچے کو میسر ہونا چاہئیں۔ کروم ب؟ کس کے ذریعے طلبہ کو ڈیجیٹل لائبریریوں، ان لائن تعلیمی مواد اور جدید ٹیکنالوجی تک رسائی مل سکتی ہے جبکہ دانش سکول سسٹم کا مقصد محروم طبقات کے بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول اور معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ ان اقدامات کی افادیت مزید بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ آلات کی تقسیم کے ساتھ اساتذہ کی تربیت، انٹرنیٹ کی دستیابی، نصابی مواد کی بہتری اور تعلیمی نتائج کی نگرانی کو بھی یقینی بنایا جائے تاہم بنیادی ہدف صرف موجودہ طلبہ کو سہولتیں فراہم کرنا نہیں بلکہ ا؟ن بچوں کو بھی تعلیم کے دائرے میں لانا ہونا چاہئے جو اس سے محروم ہیں۔ ڈھائی کروڑ سے زائد بچے مستقبل کا قیمتی انسانی سرمایہ ہیں، انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع سے محروم چھوڑ دینا قومی ترقی کے امکانات کو محدود کرنے کے مترادف ہوگا۔ اگر ریاست ان کی تعلیم و تربیت میں ناکام رہی تو بے روزگاری، غربت اور معاشرتی محرومیوں کے مسائل شدت اختیار کر سکتے ہیں اور معاشرے پر ایسا بوجھ ڈال سکتے ہیں جسے سنبھالنا مشکل ہو جائے۔ اِس لیے تعلیمی نظام کی بنیاد درست کرنا ناگزیر ہے۔ ابتدائی تعلیم کا معیار بہتر بنانا، سکول چھوڑنے کی شرح کم کرنا، اساتذہ کی کمی دور کرنا اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہوگا۔ اِس بحران کا پائیدار حل جامع، مسلسل اور جواب دہ تعلیمی پالیسی کے بغیر ناممکن ہے۔ کروم ب؟ کس اور دانش سکول اس تبدیلی کے اہم اجزاء ؔ بن سکتے ہیں بشرطیکہ اصل ترجیح ہر بچے کو تعلیم یافتہ، ہنرمند اور خود مختار شہری بنانا ہو۔

سڑک سے بستر تک

محبے امامہ رباب کی باتوں نے رلا دیا تاہم اس کی ہمت، حوصلہ اور جینے کی امنگ دیکھ کر خوشی بھی ہوئی اسے جب تقریب میں خطاب کرنے کے لئے بلایا گیا تو ایک ٹانگ کے بغیر بیساکھی کے سہارے چل کر آئی۔ اسٹیج کی سیڑھی کے قریب پہنچی تو منتظمین نے اسے سہارا دینے کی کوشش کی مگر اس نے اشارے سے منع کر دیا۔ وہ پانچ سال کی تھی کہ ایک حادثے نے نہ صرف اس کی ایک ٹانگ بلکہ چھوٹی بہن کی دونوں ٹانگیں چھین لیں۔ بس لاہور سے ملتان آرہی تھی، ڈرائیور کی غفلت کے باعث الٹ گئی اور یہ حادثہ پیش آیا۔ امامہ رباب نے بتایا اس وقت یہ باتیں ہوتی تھیں کہ اب ان دونوں بیٹیوں کا کیا مستقبل ہے؟ ان سے جان چھڑا لی جائے مگر میری ماں کہتی تھی جس نے آزمائش میں ڈالا ہے وہ نکالنے پر بھی قادر ہے۔ امامہ رباب نے ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن تک بہاء ؔ الدین ذکریا یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی اور اب ڈس ایبل میں سٹریم ایسوسی ایشن ملتان میں کام کرتی ہیں ان کا کام ایسی خواتین میں عزم و حوصلہ پیدا کرنا ہے جو کسی حادثے کی وجہ سے معذور ہو چکی ہیں اور شرمندگی یا کم ہمتی کے باعث معاشرے کا سامنا نہیں کر پاتیں۔ وہ جب یہ کہہ رہی تھی کہ حادثہ تو کسی وقت بھی ہو سکتا ہے جو حادثے میں جان کھو بیٹھتے ہیں، وہ تو دنیا سے چلے جاتے ہیں مگر جو زخمی ہو کر معذوری کا شکار ہوتے ہیں، انہیں تو زندہ رہنے کا حق ملنا چاہیے۔ خاندان، معاشرے اور حکومت کی طرف سے ان کے لئے خیر اور آسانی کے راستے کھلنا چاہئیں، جس تقریب میں وہ اظہار خیال کر رہی تھی وہ ناصر محمود شیخ کی کتاب ''سڑک سے بستر تک'' کی رونمائی تھی۔ اس میں وہیل چیئر پر بیٹھے نوجوان لڑکے لڑکیوں کی تعداد بھی بہت زیادہ تھی، جو اس بات کا اشارہ تھی کہ بیماریوں سے اتنے لوگ وہیل چیئر پر بیٹھے ہیں آرہے جتنے حادثات کی وجہ سے اس کے محتاج ہو رہے ہیں جب میں یہ کالم لکھ رہا تھا تو یہ اندوہناک خبر آئی کہ مری سے آتے ہوئے ایک کیری ڈبے میں آگ لگ گئی اور ایک ہی فیملی کے ساتھ افراد جن میں بچے، خواتین اور بزرگ شامل تھے زندہ جل گئے اور سات شدید زخمی ہوئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے ایسی خبریں روزانہ کی بنیاد پر آتی ہیں۔ کبھی شمال سے کبھی جنوب سے، جو مرگئے وہ تو اس دنیا کی اذیتوں سے چھٹکارا پا جاتے ہیں مگر جو زخمی ہوئے ہیں، وہ نہ صرف اپنی زندگی مشکلات میں گزارتے ہیں بلکہ ان کے ورثاء ؔ بھی ایک ایسے امتحان میں مبتلا ہو جاتے ہیں جو ان کی زندگی کے سب اچھے لمحے اور خوشیاں کھا جاتا ہے۔ ناصر محمود شیخ ایک ایسے صحافی اور سماجی کارکن ہیں جو ٹریفک حادثات پر کڑھتے ہیں اور اس موضوع پر تین کتابیں بھی لکھ چکے ہیں، ان کی کتاب ''سڑک سے بستر تک'' ٹریفک حادثات کے ایسے ہی اعداد و شمار اور کہانیوں سے بھری پڑی ہے جنہوں نے ہزاروں گھرانوں کی خوشیاں چھین لی ہیں اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

اس تقریب میں ریسکیو 1122، سیف سٹی اتھارٹی اور ٹریفک پولیس کے نمائندے بھی موجود تھے جبکہ دوسری طرف شہر کے ادیب، شاعر، صحافی، دانشور، ڈاکٹر اور عوامی نمائندے تھے۔ یوں جو گفتگو ہوئی اس میں دونوں طرف کی آراء ؔ سامنے آئیں۔ ریسکیو 1122 کے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی افسر ڈاکٹر محمد حسین میاں نے خطاب کرتے ہوئے ہوشربا حقائق بیان کئے، انہوں نے کہا ریسکیو 1122 کو روزانہ ایک ہزار کالز موصول ہوتی ہیں جن میں حادثات سے متعلقہ کالز زیادہ ہوتی ہیں انہوں نے کہا سب سے زیادہ حادثات موٹر سائیکل سواروں کے ہوتے ہیں یا ان کی وجہ سے رونما ہوتے ہیں، کچھ جان سے چلے جاتے ہیں اور ہمیشہ کے لئے اپنے والدین اور بہن بھائیوں کو غم کی چادر پہنا دیتے ہیں جو زخمی ہوتے ہیں کئی ماہ تک نارمل زندگی کی طرف واپس نہیں آسکتے اور بعض تو مستقل معذوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ والدین اگر بچوں کو موٹر سائیکل لے کر دیتے ہیں تو انہیں یہ تلقین بھی کریں کہ ٹریفک قوانین کی پابندی کرنی ہے، اوور سپیڈنگ نہیں کرنی اور اپنی لائن میں رہنا ہے مگر دیکھا یہی گیا ہے کہ والدین اس طرف توجہ نہیں دیتے اور بچے سڑکوں پر اپنی من مانی کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں سانحات رونما ہوتے ہیں۔ تقریب میں سیف سٹی ملتان کے نمائندوں نے بتایا ملتان میں چار سو مقامات پر کیمرے فعال ہو چکے ہیں، اب شہر کا کوئی کونہ بھی ٹریفک کی خلاف ورزی پر کسی ڈرائیور کے لئے محفوظ نہیں رہا۔ انہوں نے کہا سی ٹی وی کیمرے خود کار طریقے سے چلتے ہیں، وہاں رشوت یا سفارش کام نہیں آتی، اس لئے احتیاط کریں، ہیلمٹ پہنیں، سیٹ بیلٹ لگائیں اور گاڑی کی نمبر پلیٹ حکومتی ڈیزائن کے مطابق لگائیں، پتہ نہیں ان کی اس بات کا شہریوں پر کوئی اثر ہوتا ہے یا نہیں کیونکہ ہماری عادت بن گئی ہے بات ایک کان سے سنتی اور دوسرے سے نکال دینی ہے۔ البتہ ان کیمروں کی وجہ سے جب ای چالان گھروں پر آئیں گے تو شاید کچھ لوگوں کو ہوش آجائے۔

تقریب میں سب نے اس بات کا اظہار کیا کہ ٹریفک کا شعور اجاگر کرنے کے لئے ہمارے پاس کوئی نظام موجود نہیں۔ ڈاکٹر سجاد نجم نے جاپان کے حوالے سے بتایا کہ وہاں ابتدائی کلاسوں میں بچوں کو کوئی کتاب نہیں پڑھائی جاتی بلکہ عملی مثالوں سے زندگی گزارنے کے اوصاف اور طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ خاص طور پر ٹریفک کے بارے میں شروع سے ہی ان کے ذہن میں وہ باتیں ڈال دی جاتی ہیں جو بڑے ہو کر ان کی عادت بن چکی ہوتی ہیں مثلاً سڑک کیسے کراس کرنی ہے، لال بتی پر کیوں رکنا ہے، زیبرا کراسنگ سے کیسے گزرنا ہے، جب وہ یہ دیکھتے ہیں کہ ڈرائیوران کے لئے سڑک کراسنگ کے دوران گاڑیاں روک لیتے ہیں تو ان کے ذہن میں یہ بات بیٹھ جاتی ہے اور جب وہ خود بڑے ہو کر ڈرائیونگ کرتے ہیں تو ان باتوں کا دھیان رکھتے ہیں۔ ہمارے ہاں بچوں کو اس حوالے سے کچھ نہیں سکھایا جاتا۔ ناصر محمود شیخ نے کہا یہ کتاب لکھنے کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ انسانی جسم کا ہر عضو بہت قیمتی ہے اسے نقصان پہنچے تو زندگی نارمل نہیں رہتی۔ احتیاط نہ کی جائے تو سڑک سے بستر پر آتے دیر نہیں لگتی۔ میرے نزدیک ٹریفک کے حوالے سے ایک نصاب بنانے کی ضرورت ہے تاکہ بڑھتے ہوئے حادثات سے چھٹکارا مل سکے۔

معاشی بحران حل کرنے کی ضرورت!

پاکستان کئی دہائیوں سے تاریخ کے ایک ایسے موڑ پر کھڑا ہے جہاں اس کے سامنے صرف مسائل نہیں، بلکہ بحرانوں کا ایک پورا سلسلہ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے کھڑا ہے۔ ایک طرف سیاسی

ندیم اختر ندیم

اداروں کی بے بسی اور مفلوج ساخت ہے، تو دوسری طرف رلیفز کا خواب جو عوام کی پہنچ سے روز بروز دور ہوتا جا رہا ہے۔ اسی تاریک منظر نامے میں بڑھتی ہوئی بھوک کی آہ و زاری اور ماحولیاتی چیلنجز کی بربادی ایک ایسے خوفناک سائے کی طرح منڈلا رہی ہیں جس نے ہماری نسلوں کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ پاکستان کے سیاسی نظام اور اس کے اداروں کی موجودہ حالت زار پر نظر ڈالی جائے تو ہر طرف بے بسی اور ناہمواری کا راج دکھائی دیتا ہے۔ وہ سول ادارے جن کا بنیادی مقصد آئین و قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا، عوامی مفادات کا تحفظ اور پالیسی سازی کے ذریعے ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا تھا، آج شدید سیاسی کشمکش اور اقتدار کی کھینچ تان کی نذر ہو چکے ہیں۔ جمہوری عمل محض بیانیوں کی جنگ بن کر رہ گیا ہے جہاں عوامی فلاح و بہبود کی بات صرف انتخابی جلسوں تک محدود نظر آتی ہے۔ ادارے کمزور اور ناپائیدار ہیں کہ بحران کے حل کی بجائے نئے بحران کو جنم دیتے ہیں۔ اس سیاسی اور ادارہ جاتی کمزوری نے ملک کی معاشی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ جب سیاسی استحکام مفقود ہو، تو اس کا سب سے پہلا اور براہ راست اثر معیشت پر پڑتا ہے۔ پاکستان کی معاشی حالت آج اس نہج پر پہنچ چکی ہے جہاں ''معاشی رلیفز'' ایک ایسا دلکش نعرہ ہے جس کا عملی زندگی سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا۔ ساہوکاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کی سخت شرائط، بڑھتا ہوا قرضوں کا بوجھ، اور کرنسی کی بے قدری نے عام شہری کی کمر توڑ دی ہے۔ بجلی اور گیس کے بل، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں اور روزمرہ کی بنیادی اشیاء عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہو چکی ہیں۔ متوسط جو ماحولیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں ہم نے بن بلائے اور بے وقت کے سیلاب، خشک سالی، شدید گرمی کی لہریں اور گلیشیئر زکا پگھلنا دیکھا ہے۔ 2022ء ؔ کے تباہ کن سیلاب نے ملک کے ایک تہائی حصے کو ڈبو دیا تھا، جس سے کروڑوں لوگ بے گھر ہوئے اور اربوں ڈالر کا معاشی نقصان ہوا۔ زرعی زمینیں تباہ ہو گئیں، فصلیں بہہ گئیں اور مویشی مرگئے۔ اس ماحولیاتی بربادی نے نہ صرف معیشت کو اپاہج کیا بلکہ ملک میں بھوک اور غربت کے بحران کو کئی گنا بڑھا دیا۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ یہ تمام بحران الگ الگ نہیں ہیں، بلکہ مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ یہ ایک ایسا دائرہ ہے جس سے نکلنا اس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ تمام مسائل کو ایک جامع حکمتِ عملی کے تحت حل نہ کیا جائے۔ سیاسی بے بسی معاشی بحران کو جنم دیتی ہے؛ معاشی بحران کے نتیجے میں بھوک اور غربت پھیلتی ہے؛ اور جب ماحولیاتی آفت آتی ہے تو یہی غریب اور بھوکا طبقہ سب سے پہلے اس کا شکار بنتا ہے۔ اداروں کی کمزوری کی وجہ سے ہم ماحولیاتی آفت سے پہلے کوئی ٹھوس تیاری کر پاتے ہیں اور نہ ہی آفت کے بعد متاثرین کو سنبھال پاتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس دلدل سے نکلنے کا کوئی راستہ موجود ہے؟ جواب ہاں ہے، لیکن اس کیلئے بنیادی اور انقلابی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے، سیاسی قیادت کو اپنے ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ادارہ جاتی استحکام کیلئے کام کرنا ہو گا۔ جب تک ادارے آزاد، بااختیار اور شفاف نہیں ہوں گے، معاشی پالیسیوں میں تسلسل نہیں آ سکتا۔ سیاسی اتفاق رائے وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے، جس میں تمام سیاسی و معتدر طبقات کو معاشی استحکام کا ایک کم از کم ایجنڈا طے کرنا ہوگا۔ ثانیاً، معاشی رلیفز سالوں میں ہم نے بن بلائے اور بے وقت کے سیلاب، خشک سالی، شدید گرمی کی لہریں اور گلیشیئر زکا پگھلتا دیکھا ہے۔ اصلاحات کی ضرورت ہے۔ غیر پیداواری اخراجات میں کمی، ٹیکس کے نظام کی اصلاح، اور اشرافیہ کو دی جانے والی رعایتوں کو ختم کر کے اس کا فائدہ غریب طبقے تک پہنچانا ہوگا۔ ساتھ تحفظ کے پروگراموں کو زیادہ شفاف اور وسیع بنانا ہوگا تاکہ بھوک کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے خاندانوں کو سنبھالا دیا جا سکے۔ ثالثاً، زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ پاکستان کو اپنی زراعت میں جدید ٹیکنالوجی، پانی کے بچاؤ کی تکنیکس، اور ایسی فصلوں کی پیداوار پر توجہ دینی ہوگی جو موسم کی سختیوں کا مقابلہ کر سکیں۔ ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جنگلات کے تحفظ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی مضبوطی اور گرین ارجی کی طرف پیشرفت کو قومی ترجیح بنانا ہوگا۔ اگر ہمارے اداروں نے اب بھی اپنی بے بسی پر قابو نہ پایا اور عوام کو رلیف فراہم کرنے میں ناکام رہے، تو تاریخ کا فیصلہ بہت سخت ہوگا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ اقتدار کی راہداریوں میں بیٹھے حکمران ہوش کے ناخن لیں اور باتوں و نعروں کی دنیا سے نکل کر عملی قدم اٹھائیں۔ قبل اس کے کہ بھوک اور بربادی کا یہ طوفان سب کچھ بہا کر لے جائے۔

انصاف یا انتقام، قانون سب کے لیے ایک کیوں نہیں؟

پنجاب میں انصاف کے نام پر سے منسوب گاڑی کی ٹکر سے جو کچھ دکھایا جا رہا ہے، اس پر چند سکوٹی سوار دو نوجوان لڑکیاں سوالات اٹھانا ضروری ہیں۔

یونس باٹھ

وزیراعلیٰ مریم نواز نے پٹرول پمپ کے ملازم پر تشدد کرنے والے زیرِ حراست ملزم کو متاثرہ شخص سے تھپڑ پڑوانے کی ویڈیو شیئر کی۔ مقصد شاید مظلوم کے ساتھ کھڑے ہونے کا پیغام دینا تھا، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ریاستی حراست میں ملزم کو سزا دینے کا اختیار متاثرہ شخص کو دیا جا سکتا ہے؟ کیا عدالت دیتی ہے، حکومت نہیں۔ استاد کے ہاتھوں طالب علم پر تشدد اور سکوٹی سوار لڑکی کے ساتھ بدسلوکی کے واقعات پر بھی سخت ردعمل سامنے آیا۔ مظلوم کی حمایت یقیناً ضروری ہے، مگر انصاف کا اصول یہ نہیں کہ ایک تشدد کے جواب میں دوسرا تشدد دکھا کر داد وصول کی جائے۔ وزیراعلیٰ کی وضاحت اپنی جگہ، لیکن پٹرول پمپ والے واقعہ کی ویڈیو بھی عوام کے سامنے موجود ہے۔ سوال نیت کا نہیں، ریاست کے اختیار کے استعمال کا ہے۔ یہ سوال اس لیے زیادہ اہم ہو جاتا ہے کہ لاہور کے کاہنہ علاقے میں سی سی ڈی کے ایک اہلکار کے خلاف خاتون سے مبینہ بداخلاقی کا مقدمہ درج ہوا ہے۔ الزام ہے کہ اہلکار نے گم شدہ موبائل فون تلاش کرنے کا بہانہ بنا کر خاتون کو بلایا اور اسلحہ کے زور پر بداخلاقی کی۔ معاملے کی تحقیقات جاری ہیں، اس لیے الزام کو ثابت شدہ جرم نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن سوال ضرور بنتا ہے: جو محکمہ شہریوں کو جرائم سے تحفظ دینے کے لیے قائم ہے، اس کے اپنے اہلکار پر ایسا سنگین الزام لگے تو احتساب کا معیار کیا ہوگا؟ پنجاب میں سی سی ڈی کے مبینہ پولیس مقابلوں پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ ملتان میں ایک یتیم لڑکے کو گاڑی سے کچل کر ہلاک کرنے کے ملزم کی بہاولپور میں مبینہ مقابلے کے دوران موت ہوگئی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جبکہ انسانی حقوق کمیشن پاکستان نے اس واقعہ کی آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ اب اصل سوال یہ ہے کہ اگر ملزم زندہ رہتا تو اس کے خلاف مقدمہ چلتا، شواہد سامنے آتے اور عدالت فیصلہ کرتی۔ اس کی موت کے بعد متاثرہ بچے کے خاندان کو مکمل انصاف کون دے گا؟ اسلام آباد میں دسمبر 2025 میں بھی ایک ایسا واقعہ پیش آیا، جب اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج کے بیٹے سے سکوٹی سوار دو نوجوان لڑکیوں کی ٹکر سے معاملے میں دباؤ کے تحت صلح کا وڈیو ثابت شدہ حقیقت نہیں، لیکن سوال اپنی جگہ موجود ہے: کیا ہر مقدمے میں قانون کی یکساں عمل داری یقینی بنائی جاتی ہے؟ اگر بعض ملزمان مبینہ پولیس مقابلوں میں مارے جاتے ہیں تو دوسرے مقدمات میں بھی شفاف تحقیقات اور

بقیہ 1

دہائی جاری ہے۔ بھارتی مظالم پر دنیا کی خاموشی ایک لمحہ بہ لمحہ فعل ہے۔ قائد اعظم نے فرمایا کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے اور یہ پاکستان کے دل کی آواز ہے۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا قیام تنازعہ جموں و کشمیر کے منصفانہ اور حل میں مضمر ہے۔ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت پر عالمی توجہ مبذول کرے گا۔

بقیہ 6

آزادی اور حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور مقبوضہ کشمیریوں پر مظالم کی انکوائری کمیشن بنائے جائے، جبکہ کشمیری عوام کی لازوال قربانیوں کی اس عزم، حوصلے اور آزادی کے لیے غیر متزلزل جدوجہد کو خراج پیش کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشمیری عوام کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی جرات اور ثابت قدمی اس کی جدوجہد کا روشن ستارہ ہے، مسئلہ کشمیر کا حل بنیادی تسلیم کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہئے، مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 2

ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا 27 اکتوبر 1947ء کا دن کشمیری تاریخ کے المناک باب کی یاد دلاتا ہے، 79 برس گزرنے کے باوجود کشمیری عوام حق خودارادیت سے محروم ہیں۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ کشمیری عوام کی جرات اور ثابت قدمی ان کی جدوجہد کا روشن ستارہ ہے، مسئلہ کشمیر کا حل بنیادی تسلیم کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہئے، مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 3

اوورسیٹنگ پر ایران میں قید دادو کے سیاح پیش کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک کا ناقابل یقین بلوں میں ہوتا ہے جس میں غریب کی جیب کو دیکھا جاتا ہے، کے الیکٹرک ایک مافیا کے طور پر کام کر رہا ہے، اس لئے کہ کے الیکٹرک اور بلک کے بجٹ پر اربوں روپے کی مار ہے، اتنا کمانے کے بعد کراچی کی جو زیبوں کے لیے کتنا ایسے ہاتھ لگ سکتا ہے، کے الیکٹرک کراچی کیلئے کیا کر رہی ہے، پائپ لائن بکھری ہوئی ہے، ٹرانسفارمر تبدیل نہیں ہو رہے، بعض دفعہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی مرتبہ کام ہوتا ہے تو اس میں اتنی سفارش اضافہ ہوتی ہے، بجلی اربوں کے ہاتھ لگ رہے ہیں، ایسا چھپے ہوئے تو ہوں، ہم مرور دیکھیں گے۔ انسٹرومنٹ فیلڈ ورکرز یونین کی لوڈشیڈنگ نہیں ہونی چاہیے، ایسا ہونے کی صورت میں لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج کیا جائے گا۔ کراچی کے عوام کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے،

خضدار، سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 5 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کا آپریشنل عزم برقرار، کارروائیاں جاری رہیں گی

ملک وقوم کے امن واستحکام کی خاطر سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی، سیکورٹی ذرائع

خضدار (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خضدار کے علاقے کرخ میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر ایک کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (IBO) کرتے ہوئے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خضدار کی تحصیل کرخ میں دہشت گرد عناصر کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں 5 دہشت گرد موقع پر ہی مارے گئے۔ ترجمان کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی دہشت گردی کے مکمل خاتمے، شہریوں کی جانی و مالی حفاظت اور صوبے بھر میں امن وامان برقرار رکھنے کے پختہ عزم کی عکاس

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، صوبائی سیکرٹری سہیل الرحمٰن بلوچ کو چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی اور ایس ای ایریگیشن مدثر ظفر کھوسہ آگاہی فراہم کر رہے ہیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی سے حریت رہنما سید فیض نقشبندی کی ملاقات

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی وسفارتی حمایت جاری رکھے گا، عالمی برادری وادی میں بھارتی مظالم کا نوٹس لے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) آل پارٹیز حریت کانفرنس (APHC) آزاد جموں وکشمیر چیپٹر کے کنوینر سید فیض نقشبندی نے بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے اسپیکر چیمبر، بلوچستان اسمبلی میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مسئلہ کشمیر، کشمیری عوام کی جدوجہد اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا کہ کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی اور ان کے جائز حقوق کی حمایت پاکستان کے عوام کے جذبات کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے عالمی سطح پر موثر آواز اٹھانا ضروری ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور بے گناہ شہریوں کے ساتھ ہونے والے مظالم پر عالمی برادری کو سنجیدگی سے توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی خطے میں ظلم و جبر اور بنیادی انسانی حقوق

(بقیہ 83 اندرونی صفحہ 3 پر)

کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کی حمایت جاری رکھیں گے، میر سلیم کھوسہ

یومِ سیاہ کشمیر کشمیری عوام کی قربانیوں اور مشکلات کو اجاگر کرنے کا دن ہے، یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

کوئٹہ (اے این این) وزیر مواصلات وتعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، پاکستانی قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے جائز حقوق کی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یومِ سیاہ کشمیر منانے کا مقصد مقبوضہ کشمیر کے عوام کی مشکلات، قربانیوں اور آزادی کے لیے جاری جدوجہد کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا ہے۔ مسئلہ کشمیر ایک اہم انسانی اور سیاسی مسئلہ ہے، جس کے حل کے لیے عالمی برادری کو سنجیدہ اور مؤثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

خضدار، تحصیل کرخ میں ڈی آئی جی اور ایس ایس پی کے قافلے پر مسلح افراد کی فائرنگ، 3 پولیس اہلکار زخمی

تھانے پر دھماکے کے بعد جائزہ لے کر واپسی پر حملے کا نشانہ بنایا گیا، پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار کی تحصیل کرخ میں ڈی آئی جی خضدار ریج عمران قریشی اور ایس ایس پی خضدار کے سیکیورٹی قافلے پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں تین پولیس اہلکار زخمی ہو گئے، تاہم دونوں سینئر پولیس افسران محفوظ رہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کرخ پولیس تھانے پر ہونے والے بم دھماکے کے بعد ڈی آئی جی خضدار عمران قریشی اور ایس ایس پی خضدار بھاری نفری کے ہمراہ صورتِ حال کا جائزہ لینے اور جائے وقوعہ کے معائنے کے لیے پہنچے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ معائنے کے بعد واپسی کے دوران قبل از وقت گھات لگائے نامعلوم مسلح ملزمان نے پولیس افسران کے قافلے پر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ شدید فائرنگ کے نتیجے میں گاڑیوں کی حفاظت پر مامور 3 پولیس اہلکار گولیوں

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

غربت کے خاتمے اور ترقیاتی تعاون پر چین، جنوبی ایشیا فورم 30 اکتوبر کو منعقد ہوگا

اسلام آباد (یو این اے) چین اور جنوبی ایشیا کے درمیان غربت کے خاتمے، جامع ترقی اور علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے لیے 2026 چائنا ساتھ ایشیا فورم آن پاورٹی ریڈکشن اینڈ ڈویلپمنٹ کوآپریشن 30 اکتوبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ فورم میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال بطور مہمانِ خصوصی جبکہ پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زی ڈونگ مہمانِ کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ فورم کا موضوع

(بقیہ 62 اندرونی صفحہ 3 پر)

یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر کوئٹہ میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں ریلی

کوئٹہ (اے این این) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور ان کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کی حمایت کے لیے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی، ریلی میں معاون خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی سمیت ضلعی وسول افسران، معتبرین، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں 500 سے زائد نایاب ڈولفنز کے گروپ کا مشاہدہ

گوادر (اے این این) گوادر کے ساحلی پانیوں میں 500 سے زائد نایاب ڈولفنز ٹروپس آڈینس کے ایک بہت بڑے گروپ کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق ڈولفن کی یہ قسم سائنسی طور پر نایاب نسل ٹروپس آڈینس ہے جو بلوچستان کے ساحلی علاقوں سمیت بحیرہ عرب کے پانیوں میں پائی جاتی ہے۔ نایاب نسل کی ڈولفن موجودگی پاکستان کی سمندری حیات اور ساحلی ماحولیاتی نظام کے لئے

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

نائب وزیراعظم کی تقرری رولز آف بزنس 1973 کے تحت کی گئی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نائب وزیراعظم کی تقرری رولز آف بزنس 1973 کے تحت کی گئی ہے، موجودہ حکومت کے دور میں پہلی مرتبہ یہ تقرری نہیں ہوئی بلکہ ماضی میں بھی نائب وزیراعظم کی تقرری کی جاتی رہی ہے۔ منگل کو ایوان بالا میں سینیٹر محمد ہمایوں مہمند کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت آئین اور رولز آف بزنس کے تحت امور انجام دیتی ہے اور نائب وزیراعظم کی تقرری بھی متعلقہ قواعد کے مطابق کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم کی تقرری کے

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر تجارت کا دوحہ میں اہم ملاقاتوں کا سلسلہ جاری

دوحہ (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے دوحہ میں متعدد اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کی۔ منگل کو یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر تجارت نے قطر سمیت عالمی سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور پاکستان اور قطر کا تجارتی تعلقات، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون مزید مضبوط بنانے کا

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان نے سلامتی کونسل میں ویٹو پاور میں توسیع کی مخالفت کر دی

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ویٹو پاور کی توسیع کی مخالفت کرتے ہوئے سلامتی کونسل میں جامع، جمہوری اور منصفانہ اصلاحات پر زور دیا جب کہ ویٹو کے استعمال کے بعد جنرل اسمبلی میں بحث کے انعقاد کی حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن کے قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ ویٹو پاور میں

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

معلومات کے تبادلے کیلئے چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے پر تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں اسلام آباد میں چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، پاکستان میں چین

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

خان آف قلات کے فرزند پرنس آغا محمد احمد زئی کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا

قلات اور سوراب کے درمیان مسلح افراد کے ناکے، ولی عہد کو قافلے سمیت لے گئے

قلات (یو این اے) بلوچستان کے ضلع قلات میں خیسون دون کے علاقے کے قریب قومی شاہراہ سے خان آف قلات کے فرزند پرنس آغا محمد احمد زئی کو نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے مبینہ طور پر اغوا کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق پرنس آغا محمد احمد زئی گزشتہ رات خضدار سے قلات جا رہے تھے کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور، مقبوضہ کشمیر ہمارا ہے، بھارتی تسلط کسی صورت قبول نہیں، فریدہ ترین

بھارت کی جانب سے مقبوضہ وادی پر ناجائز قبضہ عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہے، ریلی سے ضلعی افسران کا خطاب

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں 27 اکتوبر "یومِ سیاہِ کشمیر" کے موقع پر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار کے لیے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی صدارت میں ایک عظیم الشان احتجاجی ویکجہتی ریلی نکالی گئی، جس میں گورنمنٹ بائیسکنڈری اسکول کے طلبہ، اساتذہ، پولیس اور ضلعی افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق یومِ سیاہِ کشمیر کی یہ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے برآمد ہو کر لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک تک نکالی گئی۔ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسو، ایس ایچ او منٹھار ہانبھی، ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر وسیم احمد کھوسو

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

یومِ سیاہ کشمیر کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، زرک مندوخیل

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، ان کی قربانیاں اور استقامت قابلِ توجہ ہیں، جبکہ پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی اخلاقی و سیاسی حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یومِ سیاہ کشمیر منانے کا مقصد دنیا کی توجہ کشمیری عوام کی مشکلات، ان کی جدوجہد اور بنیادی حقوق کے مسئلے کی جانب مبذول کرانا ہے۔ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے عالمی برادری اور انسانی حقوق کی

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسرائیل غزہ میں مسلسل نسل کشی کا مرتکب، مغربی کنارے میں صورتحال سنگین: اقوام متحدہ

جنگ بندی کے باوجود غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی جاری ہے، اسرائیلی فوج جان بوجھ کر فلسطینی شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہے

نیویارک (اے این این) اقوام متحدہ کے تحقیقاتی کمیشن کی اسرائیلی جنگی جرائم سے متعلق نئی رپورٹ جاری ہوگئی جس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیل غزہ میں مسلسل نسل کشی کا مرتکب ہو رہا ہے۔ یو این رپورٹ کے مطابق جنگ بندی کے باوجود غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی جاری ہے، اسرائیلی فوج جان بوجھ کر فلسطینی شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 7 اکتوبر 2023 کے بعد مقبوضہ مغربی کنارے کی صورتحال انتہائی سنگین ہوئی، 2008 سے اکتوبر 2023 تک مقبوضہ مغربی کنارے میں فضائی حملوں سے صرف 6 فلسطینی شہید ہوئے، اکتوبر 2023 سے ستمبر 2026 تک اسرائیلی فضائی حملوں میں 254 فلسطینی شہید ہوئے۔ اقوام متحدہ کے مطابق اسرائیلی فوج فلسطینیوں کو قومیت، نسل، جنس اور عمر کی بنیاد پر نشانہ بنا رہی ہے، اسرائیلی فوج اور یہودی آبادکار فلسطینیوں کے خلاف حملے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کر رہے ہیں۔ یو این رپورٹ

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

سرداری ونوابی نظام سنڈیمن کے دور میں مسلط کیا گیا، مولانا ہدایت

یہ نظام اسٹیبلشمنٹ کے بل بوتے پر زندہ ہے، اپوزیشن کا رویہ بھی حکومتی وزراء جیسا ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ورکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا ہے کہ وہ بلوچستان اسمبلی کی اڑھائی سالہ کارکردگی عوام کے سامنے رکھنے آئے ہیں، انہوں نے اسمبلی میں عوامی مسائل اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے اور عوام کی مشکلات کے باوجود اپوزیشن کو اس عرصے میں کچھ نظر نہیں آیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ موجودہ اپوزیشن فرینڈلی نہیں بلکہ اس کا کردار کچھ اور ہے، اپوزیشن ارکان بھی وزراء کی طرح مراعات اور فوائد حاصل کرتے ہیں۔ کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن نے سرداری اور نوابی نظام پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ قبائلی نظام کے نہیں بلکہ سنڈیمن کے دور میں مسلط کیے گئے سرداری نظام کے خلاف ہیں۔ ان کے بقول انگریز دور میں بعض سرداروں اور نوابوں کو مخصوص معاہدوں کے تحت مراعات اور تنخواہیں دی جاتی تھیں اور وہ انگریز حکام کی بگھیاں کھینچنے کے عوض معاوضہ لیتے تھے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ سرداری و نوابی نظام اسٹیبلشمنٹ کے سہارے قائم ہے، تاہم یہ نظام اب اپنی گرفت کھو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان میں ایسے نظاموں کا خاتمہ کیا جا چکا ہے اور بلوچستان میں بھی پہلے سے موجود قوانین پر عمل درآمد ہونا چاہیے۔ اگر سردار اور نواب کے

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

نئے صوبوں کا معاملہ انتہائی سنجیدہ اور پاکستان کے مستقبل سے جڑا ہے، رانا ثناء اللہ

صوبوں کے معاملے پر کسی قسم کی بارگیننگ ملک کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ انتہائی سنجیدہ اور پاکستان کے مستقبل سے جڑا ہوا ہے اس لئے اس پر پارلیمنٹ کے پلیٹ فارم سے ہی آگے بڑھایا جانا چاہیے اور اس پر تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان سیر حاصل بحث ہونی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ جب بھی کوئی نئی آئینی ترمیم آئے گی وہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد 28 ویں ہی ہوگی۔ یہ طے کیا جانا چاہیے کہ نئی ترمیم میں کیا ہوگا، آیا اس میں صوبوں پر بات ہوگی یا کوئی اور ایشو زیرِ بحث آئیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بہت سے ایشوز پر صوبوں اور وفاق کے درمیان بات چیت ہوتی رہتی ہے، لیکن صوبوں کے معاملے پر کوئی

(بقیہ 58 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سے کراچی جانے والی مزید 2 مسافر کوچز ڈرائیوروں سمیت یرغمال

مسافروں کو کھلے میدان میں چھوڑ دیا گیا، ٹرانسپورٹرز کا شدید احتجاج

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سے کراچی جانے والی مزید دو مسافر کوچز کو ڈرائیوروں سمیت مسلح افراد کی جانب سے یرغمال بنائے جانے اور مسافروں کو کھلے میدان میں چھوڑ دینے کے واقعے پر ٹرانسپورٹرز نے شدید احتجاج کرتے ہوئے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سخت سوالات اٹھائے ہیں۔ ٹرانسپورٹرز کے مطابق مسلح افراد دونوں کوچز کے ڈرائیوروں کو اپنے ہمراہ لے گئے، جبکہ مسافروں کو کھلے میدان میں بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا، جس سے مسافر کوچز کی سیکورٹی اور مسافروں کے تحفظ کے حوالے سے تشویش میں اضافہ ہوگیا ہے۔ معروف ٹرانسپورٹرز حبیب اللہ بادیزئی، حاجی میر اکبر لہڑی، حاجی نصر اللہ دھوار اور دیگر نے اپنے ردعمل میں کہا کہ

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیاسی مسائل حل کرنے کیلئے مذاکرات ہی واحد راستہ ہیں، سرگوہر

ایمرجنسی اور گورنر راج کی آڑ میں سیاسی مخالفین ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں، تمام تفصیلات پارلیمانی اجلاس میں پیش کریں گے

سیاسی مسائل کے حل کیلئے حکومت کے ساتھ بامقصد مذاکرات ہونے چاہئیں، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کا کہنا ہے کہ سیاسی مسائل کے حل کے لیے حکومت کے ساتھ بامقصد مذاکرات ہونے چاہئیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کے دوران بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ سیاسی مسائل کا حل مذاکرات میں ہے، حکومت کے ساتھ مذاکرات ہونے چاہئیں، سیاسی مسائل حل کرنے کے لیے مذاکرات ہی واحد راستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کی آڑ میں سیاسی مخالفین ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں، ایمرجنسی اور گورنر راج کے معاملے پر تمام تفصیلات پارلیمانی اجلاس میں پیش کریں گے۔ پارلیمانی اجلاس میں سینیٹرز اور ارکان پارلیمنٹ شریک ہوں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آج بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں کی بندش ختم

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایف بی آر کا انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کو بھاری جرمانوں کا انتباہ

ملک میں یکم نومبر سے 'لیٹ فائلر' کی کیٹگری ختم ہو کر براہِ راست 'نان فائلر' کی اصطلاح رہ جائے گی

اسلام آباد (اے این این) ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر سے بھاری جرمانوں کا اطلاق ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر ذرائع نے دعویٰ کیا کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر مقرر کی گئی ہے۔ یکم نومبر سے تاخیر سے گوشوارے جمع کرانے والوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی ملک میں یکم نومبر سے 'لیٹ فائلر' کی کیٹگری ختم ہو کر براہِ راست 'نان فائلر' کی اصطلاح رہ جائے گی، اور نان فائلرز کے لیے انکم ٹیکس گوشواروں پر لیٹ پیمنٹ کا جرمانہ کئی گنا بڑھ جائے گا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق یکم نومبر سے گوشوارے جمع نہ کرانے پر لیٹ فیس کی بجائے



کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی سے آل حریت رہنما سید فیض نقشبندی ملاقات کر رہے ہیں

پرنس آغا عمر احمد زئی سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد اور من گھڑت ہیں، ترجمان

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے معزز رہنما پرنس آغا عمر احمد زئی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کی سختی سے تردید کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ وہ بفضلِ تعالیٰ بالکل خیریت سے ہیں اور ان کے بارے میں پھیلائی جانے والی تمام افواہیں لغو اور بے بنیاد ہیں۔ کہ سوشل میڈیا پر بغیر کسی تصدیق کے خبریں شائع اور شیئر کرنا انتہائی غیر ذمہ دارانہ عمل ہے،

یو اے ای کے سمندر میں تیل پھیل گیا، شارجہ و راس الخیمہ کے ساحل بند

دبئی (اے این این) متحدہ عرب امارات کے ساحلی علاقے میں ٹینکر سے خارج ہونے والا تیل وسیع علاقے میں پھیل گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق سیٹلائٹ تصاویر میں اماراتی ساحلوں کے اطراف تیل پھیلا ہوا نظر آ رہا ہے۔ تیل کے اخراج کے باعث شارجہ اور راس الخیمہ کے ساحلوں کو بھی تاحکمِ ثانی بند کر دیا گیا ہے۔ ام القوین کے تمام ساحلوں اور ساحلی علاقوں کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا تھا۔

سوڈان کے شہر نیالا میں ڈرون حملہ، 21 افراد ہلاک، 40 سے زائد زخمی

خرطوم (اے این این) سوڈان کے مغربی علاقے دارفور کے شہر نیالا میں ایک بازار پر ڈرون حملے کے نتیجے میں کم از کم 21 افراد ہلاک اور 40 سے زائد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہلاکتوں کی تصدیق ایک طبی ذریعے اور عینی شاہدین نے کی ہے۔ ایک مقامی رہائشی کے مطابق حملہ پیر و منگل کی درمیانی رات شہر کے شمالی حصے میں واقع بازار پر کیا گیا۔ ایک دوسرے عینی شاہد نے بتایا کہ اس بازار میں نوجوانوں کی بڑی تعداد آتی تھی، جن میں ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے جنگجو بھی شامل تھے۔ نیالا اسپتال کے ایک طبی اہلکار نے بتایا کہ گزشتہ رات کی بمباری میں 21 افراد جان سے گئے

ملک میں سائبر کرائمز کی ہوشربا صورتحال، پاکستانیوں کے اربوں روپے لوٹ لیے گئے

3 سالوں کے دوران این سی سی آئی اے صرف 3 ہزار 82 سائبر کریمنلز کو پکڑ سکا

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد میں ملک میں سائبر کرائمز کی ہوشربا صورتحال ہے جب کہ مقدمات کا اندراج انتہائی کم ہے۔ رپورٹ کے مطابق 3 سالوں کے دوران سائبر کریمنلز نے پاکستانیوں کے 8 ارب 32 کروڑ لوٹ لئے، 3 سالوں کے دوران این سی سی آئی اے صرف 3 ہزار 82 سائبر کریمنلز کو پکڑ سکا۔ دستاویز کیمطابق سال 2024 میں 83 ہزار 2025 میں 76 ہزار 646 افراد فراڈ کا شکار ہوئے، سال 2026 میں 68031 افراد سائبر فراڈ کا شکار ہوئے، سال 2024 میں 83 ہزار شکایات آئیں جن میں سے 863 پر ایف آئی آرز ہوئیں۔



کوئٹہ، صوبائی وزیر کیموٹی مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ وچیئرمین فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دومڑ سے بوائز ڈگری کالج زیارت کے پرنسپل نقیب اللہ کاکا ملاقات کر رہے ہیں

خضدار، تحصیل باغبانہ میں نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے پل تباہ کر دیا

دھماکے کے باعث آمدورفت شدید متاثر، مسافروں اور ڈرائیوروں کو احتیاط سے سفر کرنے کی ہدایت

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار کی تحصیل باغبانہ میں نامعلوم تخریب کاروں نے قومی شاہراہ پر واقع ایک پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا، جس کے نتیجے میں پل کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر تحصیل باغبانہ کے حدود میں واقع ایک پل پر بارودی مواد نصب کر رکھا تھا، جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ دھماکے کے باعث پل کا ایک بڑا حصہ تباہ ہو گیا اور علاقے میں نقل وحمل کا سلسلہ متاثر ہوا۔ اکٹھے کرنے کے بعد تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

عالمی برادری انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کردار ادا کرے، فیصل جمالی

27 اکتوبر یومِ سیاہِ کشمیر، کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیری عوام کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے۔ یہ دن ہمیں کشمیری عوام کی طویل جدوجہد، قربانیوں اور حقِ خودارادیت کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کی یاد دلاتا ہے انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق اور آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ہم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں

بھارتی تسلط نامنظور، پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے یوم سیاہ منایا

بھارتی مظالم کے خلاف جلسوں، احتجاجی ریلیوں اور مختلف تقاریب کا انعقاد، عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے حل اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت دینے کا مطالبہ

عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کیلئے کردار ادا کرے، یوم سیاہ کشمیر پر پاکستان کا مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی

اسلام آباد (جی این ایم) کنٹرول لائن کے دونوں اطراف پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے 27 اکتوبر کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قبضے کے خلاف بھرپور انداز میں یوم سیاہ منایا جس کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کی جانب مبذول کرانا اور یہ باور کرانا تھا کہ کشمیری عوام اپنی سرزمین پر حق خودارادیت چاہتے ہیں۔ 27 اکتوبر 1947 کو بھارت نے سری نگر میں اپنی فوجیں اتار کر کشمیر پر فوجی قبضے کا آغاز کیا تھا، بھارت کے اس اقدام کیخلاف کشمیری ہر سال 27 اکتوبر کو یوم سیاہ مناتے ہیں۔ اس دن کی مناسبت سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ریڈ یو پاکستان چوک سے ڈی چوک تک احتجاجی ریلی نکالی گئی جبکہ کشمیر ڈے واک کے کا انعقاد کیا گیا۔ شرکاء نے پلے کارڈز اور بینرز

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے کوشاں

جنگ کے اثرات خطے کی معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں، قیصر احمد شیخ

چنیوٹ (اے این این) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے اور خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، جنگ کے اثرات خطے کی معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر مرتب ہو